## *SOGICA - پناہ کے جنسی رجحان اور صنفی شناخت کے دعوے:*
## *یورپی انسانی حقوق کا چیلنج*

### شرکاء کی معلومات کی شیٹ

آپ کو ایک ایسے تحقیقی مطالعہ میں حصہ لینے کے لیے مدعو کیا جا رہا ہے جو یورپ میں جنسی رجحان اور صنفی شناخت پر مبنی پناہ کے دعوؤں کی تحقیقات کرتا ہے۔ حصہ لینے یا نہ لینے کے بارے میں فیصلہ کرنے سے پہلے، آپ کے لیے یہ سمجھنا ضروری ہے کہ تحقیق کیوں کی جا رہی ہے اور اس میں کیا شامل ہوگا۔ براہ مہربانی مندرجہ ذیل معلومات کو دھیان سے پڑھنے کے لیے وقت لیں اور اگر آپ چاہیں تو دوسروں سے اس کے بارے میں بات چیت کریں۔ *اگر کوئی چیز واضح نہیں ہے یا اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہیں تو براہ مہربانی سوال کریں ۔ اسے پڑھنے کے لیے آپ کا شکریہ۔*

**اس مطالعہ کا مقصد کیا ہے؟**
SOGICA ایک چار سالہ ریسرچ پروجیکٹ (2016-2020) ہے جو اس بات کی تحقیقات کرتا ہے کہ یورپ میں جنسی رجحان اور صنفی شناخت (SOGI) پر مبنی پناہ کے دعوؤں کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا جاتا ہے۔ پروجیکٹ یہ تعین کرنے کی کوشش کرتا ہے کہ پناہ کے یورپی نظام ان پناہ کے دعوؤں کے ساتھ کس طرح سے زیادہ منصفانہ برتاؤ کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے، لوگوں کی مختلف جماعتوں کو شرکت کرنے اور SOGI پناہ کے بارے میں اپنے تجربات کا اشتراک کرنے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ پروجیکٹ کے اختتام پر، ہم پناہ کے قومی اور یورپی نظام کے لیے تفصیلی پالیسی کی سفارشات تیار کرنے کی امید کر رہے ہیں جس سے SOGI کے دعویداروں کے لیے منصفانہ نظام قائم کرنے میں مدد ملے گی۔

**مجھے شرکت کرنے کے لیے کیوں مدعو کیا گیا ہے؟**
مختلف افراد کو تحقیق میں شرکت کرنے کے لیے منتخب کیا گیا ہے تاکہ مختلف خیالات اور تجربات کو شامل کیا جائے اور گہری تحقیق تیار کی جائے: SOGI پناہ چاہنے والے، پناہ گزین، پالیسی ساز، فیصلہ ساز، عدلیہ کے ارکان، قانونی نمائندے اور این جی او کے سرگرم کارکن۔ ان گروپوں میں سے کسی ایک کے رکن کے طور پر، آپ کے تجربات انتہائی قابل قدر ہیں۔ مجموعی طور پر، تقریبا 200 افراد کو شرکت کرنے کے لیے کہا جائے گا۔

**کیا مجھے حصہ لینا ہے؟**
*اس تحقیق میں حصہ لینا مکمل طور پر رضاکارانہ ہے۔* اس بات کا فیصلہ آپ کو کرنا ہے کہ حصہ لیں یا نہ لیں۔ اگر آپ حصہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کو اس معلومات کی شیٹ کو رکھنے کے لیے دیا جائے گا، اور ایک رضامندی کے فارم پر دستخط کرنے کے لیے کہا جائے گا۔ آپ کسی بھی وقت اور کوئی وجہ بتائے بغیر کسی بھی طرح کی سزا یا نقصان اٹھائے بغیر باہر نکل سکتے ہیں، جب تک کہ کسی متعلقہ اشاعت کو اشاعت کے لیے قبول نہیں کیا جاتا ہے (جو کہ انٹرویو سے کم از کم دو ماہ کے بعد ہوگا)۔

**اگر میں حصہ لیتا ہوں تو میرے ساتھ کیا ہوگا؟**
آپ سے یا تو انفرادی انٹرویو یا گروپ انٹرویو میں شرکت کرنے کے لیے کہا جائے گا، اور ان میں سے دونوں میں 60-90 منٹ سے زیادہ نہیں لگنا چاہئے۔ انٹرویو ایک باہمی طور پر متفقہ جگہ میں ہوگا (جو کہ ممکنہ طور پر تنظیم کے دفتر میں ہوگا)۔ انفرادی انٹرویو میں، آپ سے پناہ کے عمل کے بارے میں آپ کے تجربات اور اس سلسلے میں آپ کے خیالات سے متعلق کئی سوالات کا جواب دینے کے لیے کہا جائے گا کہ عمل SOGI پناہ چاہنے والوں پر کیا اثر ڈالتا ہے۔ انٹرویو کی آڈیو ریکارڈنگ کی جائے گی اگر یہ آپ کے لیے ٹھیک ہے۔ اگر آپ ترجیح دیتے ہیں تو ہم انٹرویو کی ویڈیو ریکارڈنگ کر سکتے ہیں، یا صرف دستی تحریری نوٹ لیا جائے گا اور اسے بالکل بھی ریکارڈ نہیں کیا جائے گا۔ آپ کو تخلیقی ذرائع سے اپنے خیالات اور جذبات کا اظہار کرنے کا بھی موقع مل سکتا ہے، جیسے فوٹوگرافی، ویڈیو بنانا یا ڈرائنگ/پینٹنگ، اگر آپ ایسا کرنا چاہتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں تو انھیں گمنام بھی رکھا جا سکتا ہے۔ گروپ انٹرویو میں، آپ کو اپنے تجربات اور خیالات کا اشتراک کرنے کے لیے مدعو کیا جائے گا۔ سبھی انفرادی اور گروپ انٹرویو کے مواد کو رازدارانہ سمجھا جائے گا۔ جبکہ تحقیقاتی ٹیم اس بات کی ضمانت نہیں دے سکتی ہے کہ گروپ انٹرویو کے شرکاء اپنے ساتھی شرکاء کی رازداری کا احترام کریں گے، گروپ انٹرویو کے شروع میں گروپ انٹرویو کے ارکان کے درمیان رازداری سے اتفاق کیا جائے گا۔ ہم آپ کے سفر کے خرچ کی ادائیگی کریں گے۔ ہم آپ کے لیے ایک ترجمان بھی فراہم کریں گے اگر آپ کو اس کی ضرورت ہے - بس ہمیں پہلے ہی بتا دیں۔

**حصہ لینے کے ممکنہ نقصانات اور خطرات کیا ہیں؟**
ہم اس مطالعہ میں حصہ لینے کے لیے آپ کو ادائیگی نہیں کر سکتے ہیں۔ شرکت میں آپ کا کچھ وقت (عام طور پر 60-90 منٹ سے زیادہ نہیں) اور ممکنہ طور پر سفر شامل ہوگا۔ اگر آپ کو تکلیف دہ تجربات ہوتے ہیں، تو اس بات کا خطرہ ہے کہ انٹرویو کچھ دردناک یادیں دے سکتا ہے۔ ہم آپ کو یقین دہانی کرا سکتے ہیں کہ آپ پر کسی ایسے سوالات کا جواب دینے کے لیے دباؤ نہیں بنایا جائے گا جس کا آپ جواب نہیں دینا چاہتے ہیں اور یہ کہ انٹرویو کے دوران باقاعدہ وقفہ لیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ بیمار یا



اس پروجیکٹ نے یورپی اتحاد کے ہورائزن 2020 تحقیقی و جدت طرازی پروگرام (گرانٹ معاہدہ نمبر 677693) کے تحت یورپی ریسرچ کونسل (ERC) سے فنڈ حاصل کی ہے۔

پریشان محسوس کرتے ہیں، تو ان پیشہ ور ماہرین اور تنظیموں تک آپ کی رہنمائی کرنے کی کوشش کریں گے جو آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

**حصہ لینے کے ممکنہ فوائد کیا ہیں؟**
آپ کی شرکت سے یورپ میں SOGI پناہ چاہنے والوں کے سماجی اور قانونی تجربات کو سمجھنے میں اضافہ کرنے میں بہت مدد ملے گی۔ ہمارے مطالعہ کے نتائج SOGI پناہ کے دعوؤں کے منصفانہ علاج کے تجاویز فراہم کر کے پناہ کے نظام میں SOGI پناہ چاہنے والوں اور دیگر کے لیے فائدہ مند ہوں گے۔ ہم یہ بھی امید کرتے ہیں کہ آپ کو دوستانہ اور غیر فیصلہ کن ماحول میں اپنے تجربات کے بارے میں بات کرنے کے موقع سے ذاتی طور پر فائدہ ہوگا۔

**کیا اس مطالعہ میں میری معلومات کو خفیہ رکھا جائے گا؟**
اس تحقیق میں شرکت کرنے والے افراد کے بارے میں جمع کی جانے والی تمام معلومات کو شرکاء کی خواہش کے حد تک (قانونی حدود کے تحت) خفیہ رکھا جائے گا۔ اگر آپ گمنام رہنا چاہتے ہیں، تو انٹرویو (آڈیو/ویڈیو ریکارڈنگ کی صورت میں بھی) اور ٹرانسکرپٹ سے نام ہٹا دیا جائے گا اور عرفی نام دیا جائے گا (مثال کے طور پر تصاویر کو دھندلا اور آوازوں کو مسخ کر کے)، تاکہ آپ (یا کسی دوسرے شخص) کی شناخت نہ کی جا سکے۔ تمام ڈیٹا کو یونیورسٹی آف سسیکس کے محفوظ شدہ کمپیوٹر پر رکھا جائے گا، اور ڈیٹا کو پاس ورڈ سے محفوظ کیا جائے گا اور خفیہ رکھا جائے گا۔ پروجیکٹ کی تمام معلومات کو محفوظ، قابل مقفل جگہ میں رکھا جائے گا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ شرکاء کی مکمل رازداری حاصل کی جاتی ہے۔ ڈیٹا کو پروجیکٹ کی اشاعتوں کے باہر آنے کے بعد 5 سالوں کی مدت کے لیے یونیورسٹی آف سسیکس کے اندرونی ڈرائیو پر رکھا جائے گا، اور اس کے بعد تلف کر دیا جائے گا۔

**تحقیقی مطالعہ کے نتائج کے ساتھ کیا ہوگا؟**
اس تحقیق کے نتائج کو یورپ میں پالیسی سازوں اور فیصلہ سازوں سمیت تعلیمی اور غیر تعلیمی سامعین میں وسیع پیمانے پر تقسیم کیا جائے گا۔ تحقیق کے نتائج کو کتاب، تعلیمی جرنل، پروجیکٹ رپورٹ اور اہم نتائج کے خلاصے میں شائع کیا جائے گا، جو کہ اس میدان میں کام کرنے والے SOGI کے دعویداروں اور کارکنوں کے لیے فائدہ مند ہونا چاہئے۔

**کون تحقیق کا انتظام کر رہا ہے، فنڈ فراہم کر رہا ہے اور منظوری دے رہا ہے؟**
یہ مطالعہ یونیورسٹی آف سسیکس کے قانون، سیاست اور سماجیات کے اسکول میں محققین کی ایک ٹیم کے ذریعہ انجام دیا جا رہا ہے - نونو فیریرا، کارمیلو ڈینیسی، موئرا ڈسٹن اور نینا ہیلڈ۔ یورپی ریسرچ کونسل (ERC) اسے فنڈ فراہم کر رہا ہے۔ تحقیق کو یونیورسٹی آف سسیکس (منظوری نمبر ER/NH285/1) کے سماجی علوم اور آرٹ-کراس اسکول کی تحقیقی اخلاقی کمیٹی (C-REC) کے اخلاقی جائزہ کے عمل کی طرف سے منظوری دی گئی ہے۔

**مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں**
براہ مہربانی نونو فیریرا سے رابطہ کریں اگر آپ مطالعہ (ذیل میں ملاحظہ کریں) کے بارے میں مزید معلومات چاہتے ہیں، یا ہماری ویب سائٹ www.sogica.org ملاحظہ کریں۔ اگر آپ کو تحقیق کو انجام دینے کے طریقے کے بارے میں کوئی تشویش ہے، تو براہ مہربانی C-REC کے صدر سے رابطہ کریں جنھوں نے (c-recss@sussex.ac.uk) پروجیکٹ کا جائزہ لیا ہے۔ یونیورسٹی آف سسیکس کے پاس اس مطالعہ کے سلسلے میں قانونی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے انشورنس موجود ہے۔

**اگر میں حصہ لینا چاہتا ہوں تو کیا کروں؟**
اگر آپ حصہ لینا چاہتے ہیں، تو براہ مہربانی ہم سے مندرجہ ذیل کے ذریعہ رابطہ کریں:
ای میل: info@sogica.org، ٹیلی فون: 44+ (0)1273 678952 (نونو)،
فیس بک: https://www.facebook.com/SOGICAProject/ یا ٹویٹر https://twitter.com/SOGICA1

ہم ایک ایسے وقت اور جگہ میں انفرادی یا گروپ انٹرویو کا انتظام کرنے سے پہلے رضامندی فارم کو پڑھنے اور دستخط کرنے کے لیے دیں گے جو آپ کے لیے آسان ہو۔

براہ مہربانی کسی بھی ایسے شخص کو بھی اس معلومات کو پہنچانے کے لیے آزاد محسوس کریں جسے اس پروجیکٹ میں شرکت کرنے میں دلچسپی ہو سکتی ہے۔

*اس معلومات کی شیٹ کو پڑھنے کے لیے وقت نکالنے کے لیے آپ کا شکریہ۔*

**27 ستمبر 2017**



اس پروجیکٹ نے یورپی اتحاد کے ہورائزن 2020 تحقیقی و جدت طرازی پروگرام (گرانٹ معاہدہ نمبر 677693) کے تحت یورپی ریسرچ کونسل (ERC) سے فنڈ حاصل کی ہے۔